سوال

(376)اقامت اکہری یا دوہری

جواب

السلام علیکم ورحمة اللہ وبرکاتہ

گزارش ہے کہ ترمذی کی ایک حدیث جس کو احناف حضرات اپنی اذان واقامت کی دلیل کے طور پر پیش کرتے ہیں کیا یہ حدیث صحیح ہے؟ اگر ضعیف ہے تو اس کا ضعف کیا ہے امید ہے کہ جواب با دلیل ہوگا:

’بَابُ مَا جَاءَ اَنَّ الاِقَامَةَ مَثْنٰی مَثْنٰی حَدَّثَنَا اَبُوْ سَعِیدِنِ الاَشَجُّ ثَنَا عُقبَةُ بنُ خَالِدٍ عَنِ ابنِ اَبِی لَیلٰی ، عَن عَمرٍو بنِ مُرَّةَ، عَن عَبدِ الرَّحمٰنِ بنِ اَبِی لَیلٰی ، عَن عَبدِاللّٰهِ بنِ زَیدٍ قَالَ : کَانَ اَذَانُ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیهِ وَسَلَّمَ شُفعًا ، شُفعًا فِی الاَذَانِ ، وَالاِقَامَةِ ‘سنن الترمذی ، ابواب الصلوٰة، بَابُ مَا جَاءَ أَنَّ الاِقَامَةَ مَثْنٰی مَثْنٰی ، رقم :۱۹۴

الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاتہ!

الحمد للہ، والصلاة والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد!

اس باب کے تحت بذاتِ خود امام ترمذی رقمطراز ہیں : ’ وَعَبدُ الرَّحمٰنِ بنُ اَبِی لَیلٰی لَم یَسمَع مِن عَبدِاللّٰهِ بنِ زَیدٍ ‘سنن الترمذی مع تحفة الاحوذی : ۱/ ۵۸۱ یعنی عبدالرحمن بن ابی لیلیٰ کا عبد ا بن زید سے سماع ثابت نہیں۔ محدث مبارکپوری رحمہ اللہ فرماتے ہیں :

’وَحَدِیثُ اِفرَادِالاِقَامَةِ اَصَحُّ، وَاَثبَتُ ۔ وَقَد ثَبَتَ بِطَرِیقَینِ صَحِیحَینِ ، عَن عَبدِاللّٰهِ بنِ زَیدٍ اِفرَادُ الاِقَامَةِ ‘تحفة الاحوذی : ۱/ ۵۸۰

یعنی افراد اقامت کی حدیث زیادہ صحیح اور زیادہ ثابت ہے۔

عبدا بن زید رضی اللہ عنہ سے ’’صحیحین‘‘ کے دو طریقوں میں افرادِ اقامت ثابت ہے۔ مزید تفصیل کے لیے ملاحظہ ہو! تحفة الاحوذی۔

ھذا ما عندي واللہ أعلم بالصواب

فتاویٰ حافظ ثناء اللہ مدنی

محدث فتویٰ